سوال

(147)احادیث ضعیفہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی ایسی کتاب کی نشاندہی فرمائیں جس میں ضعیف اور منکر روایات بکثرت ہوں تاکہ میں ان سے اجتناب کرسکوں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہم آپ کو یہ نصیحت کریں گے کہ ضعیف اور منکر احادیث کے پڑھنے سے اجتناب کریںکیونکہ یہ احادیث تو ان اہل علم کو پڑھنی چاہئیں جو ضعیف اور صحیح میں تمیز کرسکیں۔ آپ کو ہم یہ نصیحت کریں گے کہ آپ ''ریاض الصالحین'' کا مطالعہ کریں۔ یہ ایک بے حد قیمتی کتاب ہے، اس کتاب کے مؤلف نے اس میں صحیح و حسن احادیث کو جمع کیا ہے اور ضعیف سے اجتناب کیا ہے۔ کتاب کے اکثر ابواب کا آیات قرآنی سے آغاز کیا ہے، لہذا یہ ایک بہت مفید کتاب ہے۔ ایک بتدی کو چاہیے کہ وہ مختلف قسم کی کتابیں نہ پڑھے کیونکہ اس صورت میں خدشہ ہے کہ اس کا فہم تمام مسائل کا استیعاب نہیں کرسکے گا، جس کی وجہ سے شکوک وشبہات پیدا ہوں گے اور بتدی مشکلات میں بتلا ہوجائے گا لہذا آپ صحیح کے پڑھنے پر اکتفاء کریں لہذا اگر آپ چاہیں تو ''اللؤلؤ والمرجان فیما اتفق علیہ الشیخان'' بھی پڑھ سکتے ہیں۔ یہ رسول اللہ ﷺ کی صحیح ترین احادیث کا مجموعہ اور ایک عظیم الشان اور مفید ترین کتاب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص127

محدث فتویٰ